صبح وشام کے مسنون

اذکار

Peace & Light

KEEP HOPE ALIVE

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

❶ آیت الکرسی پڑھنے والا جنات شیاطین سے محفوظ ہوجاتا ہے۔(ترمذی:2880،صحیح) (صبح وشام اور ہر فرض نماز کے بعد)

آیۃ الکرسی (ایک مرتبہ)

❷ مختلف قسم کی بلاؤں اور آفتوں سے محفوظ رکھنے والی سورتیں۔(ترمذی:2058،صحیح)

سورۃ الاخلاص،سورۃ الفلق اور سورۃ الناس (تین،تین مرتبہ صبح وشام)

❸ ایک دعا چار فائدے (صحیح بخاری:3293)

- دس غلام آزاد کرنے کا ثواب
- سو نیکیاں ملیں گی
- سو گناہ معاف ہوں گے
- سارا دن جنات شیاطین کے شر سے محفوظ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ ، لَا شَرِيْكَ لَهٗ ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (دن میں سو مرتبہ)

4 گناہوں سے دُور اور اللہ کے قریب کرنے والا عمل: (بخاری:6307)

أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَأَتُوْبُ إِلَيْهِ (دن میں سو مرتبہ)

5 یہ دعا پڑھنے کے بعد اگر زہریلا جانور بھی ڈس لے تو کوئی نقصان نہیں ہوگا۔ (مسلم:6880،مسند احمد 5/469)

أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

(شام کو تین مرتبہ)

6 ظاہری و باطنی آفتوں سے بچاؤ کا آسان وظیفہ

(ابوداؤد:5088،صحیح)

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِي لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهِ شَيْءٌ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

(صبح و شام تین مرتبہ)

7 جسم، کانوں، آنکھوں کی صحت و عافیت، کفر، فقر اور عذاب قبر سے بچنے کا وظیفہ (ابوداؤد:5090،حسن)

اللَّهُمَّ عَافِنِي فِي بَدَنِي، اللَّهُمَّ عَافِنِي فِي سَمْعِي، اللَّهُمَّ عَافِنِي فِي بَصَرِي، لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ، اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْكُفْرِ، وَالْفَقْرِ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ،

(صبح وشام تین مرتبہ)

8 اللہ تعالیٰ کے نزدیک انتہائی وزنی کلمات (مسلم: 6913)

سُبْحَانَ اللَّهِ وَبِحَمْدِهِ عَدَدَ خَلْقِهِ وَرِضَى نَفْسِهِ وَزِنَةَ عَرْشِهِ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهِ (صبح کے وقت تین مرتبہ)

9 یہ کلمات پڑھنے سے اللہ بندے کی تمام پریشانیوں کے لیے کافی ہو جاتا ہے۔ خواہ یہ کلمات سچے دل سے پڑھے ہوں یا جھوٹے دل سے۔ (ابوداؤد: 5081، حسن)

حَسْبِيَ اللَّهُ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ، وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ (صبح وشام سات مرتبہ)

10 یہ کلمات پڑھنے والے کے تمام (صغیرہ) گناہ معاف ہوجاتے ہیں اگرچہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں۔ (بخاری:6405)

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ بِحَمْدِهٖ (دن میں سو مرتبہ)

11 یہ کلمات پڑھنے والے کو اللہ قیامت کے دن راضی کرے گا۔ (مسند احمد: 5/471، صحیح)

رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّ بِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ نَّبِيًّا
(صبح وشام تین تین مرتبہ)

12 یہ کلمات پڑھنے والے کو جہنم سے محفوظ کر دیا جائے گا۔
(ابوداؤد:5079، حسن)

اَللّٰهُمَّ أَجِرْنِي مِنَ النَّارِ (نماز فجر ومغرب کے بعد سات مرتبہ)

13 نفع بخش علم پاکیزہ رزق اور قبول عمل کا وظیفہ (ابن ماجہ:925، صحیح)

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا، وَرِزْقًا طَيِّبًا، وَعَمَلًا مُتَقَبَّلًا (نماز فجر کے بعد ایک مرتبہ)

14 دنیا و آخرت کی بھلائی حاصل کرنے کا وظیفہ (سورۃ البقرہ: 201)

رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً
وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ (کثرت سے پڑھیں)

15 دین اسلام پر ثابت قدمی کی دعا۔ (ترمذی: 2140، صحیح)

يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوبِ ثَبِّتْ قَلْبِي عَلَى دِينِكَ
(کثرت سے پڑھیں)

16 فالج، کینسر اور دیگر موذی امراض سے بچنے کا وظیفہ

(نسائی: 5495، صحیح)

اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْبَرَصِ، وَالْجُنُونِ،
وَالْجُذَامِ، وَمِنْ سَيِّءِ الْأَسْقَامِ (کثرت سے پڑھیں)

17 رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص یہ دعا صبح کو پڑھے اور شام ہونے سے پہلے فوت ہو جائے تو وہ شخص جنتی ہے اور جو رات کو پڑھے اور صبح ہونے سے پہلے فوت ہو جائے تو وہ جنتی ہے۔ (بخاری: 6306)

اللّٰهُمَّ أَنْتَ رَبِّي، لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ ، خَلَقْتَنِي وَأَنَا عَبْدُكَ، وَأَنَا عَلَى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ، أَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ ، أَبُوءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ ، وَأَبُوءُ بِذَنْبِي فَاغْفِرْ لِي فَإِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلَّا أَنْتَ (صبح وشام ایک مرتبہ)

18 یہ کلمات پڑھنے والے کو ایک ہزار نیکیاں ملتی ہیں ایک ہزار (صغیرہ) گناہ معاف ہوتے ہیں: (مسلم:6852)

سُبْحَانَ اللّٰهِ (دن میں سو مرتبہ)

19 دُکھوں اور غموں کو دُور کرنے کے لیے مسنون دُرود پڑھیں۔ (ترمذی:2457،حسن)

درود ابراہیم (کثرت سے پڑھیں)

Peace & Light ایسی اہمیت کا حامل ادارہ ہے،
جس کا مقصد روحانی مسائل مثلاً: جادو، جنات نظر بد، مایوسی کا
قرآن وسنت اور جدید سائنسی ریسرچ کی روشنی میں علاج کرنا،
روحانی مسائل کی وجہ سے درپیش خوف کا خاتمہ کرکے انسانی
زندگی میں خوشیاں لانا ہے۔

یاد رہے! آج کل ان مسائل کی وجہ سے انسان خوف کے
سائے میں رہتا ہے۔ Peace & Light کا مقصد انسان کو
خوف کے سائے سے نکال کر قرآن وسنت کے ذریعے زندگی
میں سکون وراحت پیدا کرنا ہے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اس ادارے کو عام وخاص کے لئے مفید
بنائے اور مصائب زدہ لوگوں کی پریشانیوں کو سکون اور بیماریوں کو
صحت میں بدلنے کا ذریعہ بنائے۔ آمین

USMAN YAZMANI
C.E.O Peace & Light

usmanyazmani Peace & Light
m.usmanyazmani usmanyazmani.com
0300-6652509